# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 02 جولائی 2013ء بمطابق 22 شعبان 1434 ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ بِٱلۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوۡ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمۡ أَوِ ٱلۡوَٰلِدَيۡنِ وَٱلۡأَقۡرَبِينَ ۚ إِن يَكُنۡ غَنِيًّا أَوۡ فَقِيرًا فَٱللَّهُ أَوۡلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُواْ ٱلۡهَوَىٰٓ أَن تَعۡدِلُواْ ۚ وَإِن تَلۡوُۥٓاْ أَوۡ تُعۡرِضُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرًا۔

(ترجمہ): اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اللہ کی طرف گواہی دو اگرچہ اپنی جانوں پر ہو یا اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں پر اگر کوئی مالدار ہے یا فقیر ہے تو اللہ ان کا تم سے زیادہ خیر خواہ ہے سو تم انصاف کرنے میں دل کی خواہش کی پیروی نہ کرو اور اگر تم کج بیانی کرو گے یا پہلو تہی کرو گے تو بلاشبہ اللہ تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب محمد علی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: اس کے بارے میں ہم بعد میں ٹائم دینگے، پہلے جو یہاں 'کوئسچنز آور' ہے، ایک دو ہیں، وہ اس کے بعد ہم آپ کو موقع دینگے۔ جناب قیموس خان۔

جناب قیموس خان: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سوال نمبر؟

جناب قیموس خان: سوال نمبر 4۔

* 04 _ جناب قیموس خان: کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ گزشتہ سیلاب سے خوازہ خیلہ اور چار باغ کی تحصیلوں میں فتح پور ایریگیشن کینال، کوٹنی چالیار قومی نہر اور آلہ آباد قومی نہر خراب ہو چکی تھیں، کی بحالی و مرمت کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا، نیز ان پر تاحال کتنا کام ہو چکا ہے اور ان میں کب تک پانی جاری کیا جائے گا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و توانائی)}: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ 2010 کے تباہ کن سیلاب میں خوازہ خیلہ اور چار باغ کی تحصیلوں میں فتح پور ایریگیشن کینال اور اسالہ قومی نہر خراب ہو چکی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) تعمیر و بحالی فتح پور ایریگیشن کینال ADP No. 464: فتح پور نہر گزشتہ سیلاب سے ہیڈ ریچ (Head reach) میں 4000 فٹ لمبائی تک بہہ گئی تھی جس کی بحالی کیلئے محکمہ نے PC-1 تخمینہ لاگت 53.00 ملین روپے کیلئے تیار کیا تھا جو کہ پی ڈی ڈبلیو پی کے فورم سے اکتوبر 2012ء میں منظور کروایا گیا ہے۔ مذکورہ منصوبہ کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں سیریل نمبر 464 کے تحت صرف ایک کروڑ 50 لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے جن کو حصول اراضی کی مد میں ڈپٹی کمشنر سوات کو ادا کر دیا گیا ہے اور تعمیر کا کام امسال شروع کیا جائے گا جس کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام 14-2013ء میں 20.00 ملین روپے مختص کئے ہیں اور بقایا 18 ملین روپے سے بحالی کا کام 15-2014 میں مکمل کیا جائے گا۔

(2) کوٹنی چالیار قومی نہر: سال 2010ء کے سیلاب میں اسالہ قومی نہر جس سے کوٹنی اور چالیار کے دیہات سیراب ہوتے ہیں، خراب ہو گئی تھی، PaRRSA کے ذریعے ضلع سوات میں 19 عدد قومی نہر /سول چینلز کی منظوری دی گئی تھی، (تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی ہیں) جس میں مذکورہ نہر بھی شامل ہے۔ اس نہر کی بحالی کیلئے سال 12-2011 میں کل رقم 85.70 ملین روپے مختص کی گئی تھی اور کام کا باقاعدہ آغاز جنوری 2012ء میں ہوا تھا اور اب تک 71.78 ملین روپے خرچ ہو چکے ہیں یعنی % 86 کام مکمل ہو چکا ہے اور ان شاءاللہ اکتوبر 2013 تک مذکورہ نہر بحال ہو جائیگی۔

(3) آلہ آباد قومی نہر: اس نہر کو سیلاب 2010ء میں کوئی بڑا نقصان نہیں ہوا تھا اور اس میں پانی کی سپلائی جاری ہے، تاہم حکومت نے صوبے کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام 14-2013ء میں سول چینلز اور سمال فلو ایریگیشن منصوبوں کیلئے 20.00 ملین روپے کی رقم مختص کی ہے جس کی نشاندہی اور اس کا انتخاب برائے تعمیر ترجیحی بنیاد پر کیا جائے گا۔

جناب قیموس خان: په دیکښې زما ضمني سوال دا دے جناب سپیکر صاحب! وزیر ایریگیشن سکندر خان شیرپاؤ صاحب ناست دے، دوئ یو فعال منسټر دی، کیدے شی زمونږ د دې سوال په باره کښې د ښه برابر جواب راکړی جی۔ دا زمونږ په سوات کښې چې په 2010ء کښې چې کوم سیلاب راغلے وو، هغه د سوات ټولې ولې او نهرونه ئے وړی دی۔ په دیکښې دا یو نهر فتح پور ایریگیشن کینال، د دې یوه ډیره غټه حصه ئے وړې وه، په دې تیر وخت کښې دې ته 53 ملین روپئ چې دی نو ایښودې شوې وې، اوس دې ته په دې کال کښې چې کومې روپئ ایښودې دی شه 20 ملین دی نو یو خو دا ډیرې کمې دی ځکه بعضې داسې منصوبې دی چې هغه ډیرې اهم وی ځکه ځلور کاله فصلونه په زرګاؤ ایکړه زمکه وچه پرته ده جی۔ دا دویم جز چې کوم دے، بیا په دیکښې دا قومی یو نهر دے نو دوئ دا ورکړی دی چې "2013 تک مذکورہ نہر بحال ہو جائیگی"، نو وزیر صاحب ته زما دا ګزارش دے چې که هغه خپلو افسرانو ته هدایت ورکړی چې په دې باندې هم کار تیز کړی ځکه بالکل ټول زمیندار، ټول پټی چې دی نو لکه خلق ډیر په تکلیف کښې دے او د اخرنی جز په کوم کښې چې دا د الہ آباد دا نهر ما وئیلے دے، په هغه سلسله کښې د هم افسرانو ته هدایت وکړی چې په

دې روان کال کښې د هغې د پاره څه پیسې منظورې کړې او دا چې کوم روان کارونه دی، د هغې کار چې دے تیز کړی جی۔

جناب سپیکر: سکندر خان۔

جناب عبدالستار خان: سر، میرا ایک سپلیمنٹری ہے۔

سینیئر وزیر(آبپاشی وتوانائی): سر، سپلیمنټری کوئسچن د هغوی وکړی۔

جناب سپیکر: ستار خان! سپلیمنٹری؟

جناب عبدالستار خان: شکریہ۔ جناب سپیکر! سیلاب کے حوالے سے یہ ہمارے صوبے کا ایک بدترین ایک Disaster تھا جس میں پورا صوبہ متاثر ہوا تھا، پورا ملک متاثر ہوا تھا لیکن یہ مکانوں کی بحالی کیلئے جو گورنمنٹ کی طرف سے 'وطن کارڈ' کا اجراء ہوا تھا، دو سال تین سال گزرنے کے باوجود آج تک ہمارے صوبے میں بہت سے اضلاع ایسے ہیں کہ جہاں وطن کارڈز نہیں ملے ہیں تو اس سلسلے میں میں گزارش کرونگا کہ ذرا وضاحت کی جائے کہ وطن کارڈز کب تک ملیں گے، مکانات تباہ ہو گئے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ مہربانی کریں کہ جو Concerned Question ہو، اسکے مطابق اگر کوئی سپلیمنٹری وغیرہ آتا ہے تو اس پہ بات ہوتی ہے، چونکہ یہ اس سے Related نہیں ہے، بہر حال میں Minister concerned سکندر شیر پاؤ صاحب سے۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر(آبپاشی وتوانائی): وہ بات کر لیں تو۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ دا قیموس خان چې کوم سوال راوړے دے، حقیقت هم دا دے چې یو خو زمونږ په دې ټوله صوبه کښې بدقسمتی دا ده چې کوم Irrigated lands دی، هغه ډیر زیات کم دی او اکثرې زمکې زمونږ بارانی دی، که مونږ وګورو دا په 12-2011 بجټ کښې په اے ډی پی کښې 53 ملین د هغې د پاره Allocation شوے وو او څنګه چې د لته په جواب کښې هم پی ډی ډبلیو پی هغه فورم نه Approve کړی دی، که بیا مونږ وګورو چې په 2013-14 کښې 20 ملین د هغې د پاره Allocation دے او Remaining چې کوم 18 ملین دی، دا په 15-2014 کښې کیږی، دا ټوټل چې مونږ جمع کړو نو دا 38 ملین

راځي۔ تاسو سپیکر صاحب! پخپله وګورئ چې دا اوس Financial year زمونږ شروع شو، پوره کال دا او بیا راروان یو کال، او په مارکیټ کښې چې کوم ریټونه دی، په یو میاشت کښې ریټونه دومره وچت شی، زمونږ خو به ګزارش دا وی، تجویز به مو دا وی منسټر صاحب ته، که ممکنه وی چې د داسې منصوبو د پاره په Non ADP کښې هغه Allocation زما یقین دے چې وشی ځکه چې په 2014-15 کښې چې دا Completion ته ځی نو زما یقین نشی چې دا په 38 ملین کښې دا د دې Completion وشی، نو که ممکنه وی نو ډیره زیاته غوره خبره به وی جی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: سکندر خان۔

سینیئر وزیر (آبپاشی وتوانائی): ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر! جہاں تک ستار خان کے سوال کا تعلق ہے تو ایک وہ ایریگیشن سے تعلق نہیں رکھتا اور دوسرا فریش کوئسچن ہے تو اگر وہ میرے خیال میں کوئسچن لے آئیں تو وہ بہتر ہوگا، پھر اس کا جواب دیا جاسکے گا جی۔ جہاں تک د قیموس خان د سوال خبره ده جی، دوئ دا درې دغه یاد کړی دی، ایریګیشن چینلز ئے یاد کړی دی، یو فتح پور نهر ئے یاد کړے دے، بل کوټنی چالیار قومی نهر ئے یاد کړے وو، الہ آباد قومی نهر ئے یاد کړے دے جی، دیکښې واقعی په 2010 کښې چې کوم سیلاب راغلے وو، هغې ډیره لویه تباهی کړې وه، ټوله صوبه کښې ئے تباهی کړې وه خو زه به او وایم چې خصوصاً ملاکنډ ډویژن او بیا سوات کښې ټولو کښې زیاته تباهی ځکه شوې وه چې هغوی سره بالکل هډو څه ټائم ورته ملاؤ شوے نه وو او د هغې د وجې نه ډیر زیات هغلته کښې نقصانات شوی دی۔ د هغې نه پس ایریګیشن محکمې یو خاص ډائریکټریټ هم جوړ کړے وو، Flood Directorate هغې د پاره، هغې کښې کافی ځایونو کښې څه Re-construction کارونه شروع شوی هم دی خو دا ده چې دا کوم دوئ یاد کړی دی، دا فتح پور ایریګیشن کینال نو دیکښې یو خو زما خیال دے چې څه د کورټ کیس هم په مینځ کښې راغلے وو، د هغې د وجې نه دا څه لږ Delay شوی وو، دویم دیکښې د Land acquisition څه خبره وه او هغې کښې دا مسئله راتله لګیا وه چې هغه کال د پاره صرف 15 ملین روپئ ایښودلې شوې وې او د Land چې کوم قیمت وو نو هغه 19

ملین وو نو هغه وخت سره چې کوم ډی سی وو، هغه وئیل چې پوره 19 ملین راکړئ نو هله به زه دا Land acquisition کوم، د هغې لږ دا Delay پکښې راغلے دے، اوس دا مسئله حل شوې ده۔ زه به قیموس خان له دا تسلی ورکوم چې څومره زر کیدے شی زه به کوشش دا کوم، دوئ خو 15-2014 یاد کړے دے خو مونږ به کوشش کوؤ چې هغې نه که مخکښې هم دا نهر بحال کیدے شی نو دې د پاره به بالکل مونږ کوشش خپل کوؤ۔ زه به وروستو محکمې والا به دوئ سره کینښنوم او چې د دوئ کوم تحفظات وی په دې باندې، نو د هغې د لرې کولو کوشش به وکړو۔ دا کوم چې د کوټنئ چالیار قومی نهر خبره دوئ کړې ده جی، نو هغې کښې خو اکتوبر 2013ء دوئ لیکلی دی، دا درې څلور میاشتې ورته پاتې دی نو کوشش به دا کوؤ که دې نه مخکښې هم کیدې شی نو بالکل هغې د پاره به مونږ پوره کوشش کوؤ جی۔ دا څو پورې چې د الہ آباد قومی نهر خبره ده نو دا هغه وخت سره پوائنټ آؤټ شوی نه وو جناب سپیکر، دوئ اوس دغه کړے دے نو زه به محکمې والا ته اووایم، دوئ سره به کښینی، د دې به څه Estimate یا څه Cost جوړولو کوشش وکړی او بیا به مونږ وګورو که هغې د پاره څه فنډز وی نو هغې د پاره به څه نه څه طریقه جوړه کړو جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب زرین گل صاحب۔

* 01 _ <u>جناب زرین گل:</u> کیاوزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ زراعت ضلع تورغر کے انتظامی اور ترقیاتی اخراجات کیلئے فنڈز مختص کئے گئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 12-2011 اور 13-2012 میں مذکورہ ضلع کے انتظامی اور ترقیاتی اخراجات کیلئے مختص کیا گیا فنڈ علیحدہ علیحدہ ایئر وائز تفصیل نیز یہ فنڈ کن کن پراجیکٹس پر صرف کیا گیا، پراجیکٹس کی تفصیل بمع تخمینہ لاگت فراہم کی جائے؛

(ii) جون 14-2013 تک مکمل پراجیکٹس اور جاری پراجیکٹس کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے نیز 14-2013 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کیلئے کیا ترجیحات ہیں، انکی فزیبیلٹی رپورٹس مہیا کی جائیں؛

(iii) آیا حکومت ضلع تورغر کے افیون کاشت کرنے والے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر متبادل زرعی پراجیکٹ پر کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر زراعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): (الف) صوبائی بجٹ 12-2011 اور 2012-13 کے دوران محکمہ زراعت کے درج ذیل ڈائریکٹریٹس کو کوئی فنڈز مختص نہیں کئے گئے:

(1) امداد باہمی۔

(2) تحفظ اراضیات۔

(3) Crops Reporting Service۔

(4) زرعی تحقیق۔

(5) امور حیوانات تحقیق۔

(6) زراعت انجینئرنگ اور درج ذیل ڈائریکٹریٹس کو فنڈز مختص کئے گئے ہیں:

(i) ماہی پروری۔

(ii) محکمہ امور حیوانات توسیع۔

(iii) توسیع زراعت۔

(iv) آن فارم واٹر مینجمنٹ۔

(ب) (i) صوبائی بجٹ 12-2011 اور 13-2012 کے دوران محکمہ زراعت کے وہ ڈائریکٹریٹس جن کو فنڈز مختص کئے گئے ہیں:

(1) ماہی پروری۔(تفصیل ایوان میں پیش کی گئی)۔

(2) محکمہ امور حیوانات۔(تفصیل ایوان میں پیش کی گئی)۔

(3) زراعت توسیع۔(تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی)۔

(4) آن فارم واٹر مینجمنٹ۔(تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی)۔

(ii) ایضاً۔

(iii) ایضاً۔

جناب زرین گل: شکریه محترم سپیکر صاحب۔ دیکښې به زه صرف دا وئیل غواړم چې د دې ما تپوس کړے وو چې صوبائی بجټ کښې محکمہ زراعت ضلع تورغر کے انتظامی اور ترقیاتی اخراجات کیلئے فنڈز ئے مختص کړی دی، دیکښې جی لس ډائریکټریټس دی نو په دیکښې د څلورو ډائریکټریټس د پاره انتظامی اخراجات خو شته دے، دا شپږ چې دی لکه امداد باہمی، تحفظ اراضیات، کراپس رپورٹنگ سروسز، زرعی تحقیق، امور حیوانات، زراعت انجینئرنگ، د دې د پاره نه انتظامی شته او نه ترقیاتی شته نو زه بس دا دغه کوم چې مهربانی د وکړی، جناب سپیکر، Not pressed۔

جناب سپیکر: جناب شہرام خان۔

وزیر زراعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مهربانی جی۔ چې څه د دوئ Reservations وی، ان شاءالله هغه به مونږ ګورو او چې څه مونږ نه کیدے شی Definitely به ان شاءالله مونږ کوؤ۔ بهرحال Thank you very much, ji، ډیټیل به مونږ دوئ ته بیا یو ځائے کښینو، Sort out به ئے کړو ان شاءالله جی، تهینک یو۔

جناب سپیکر: جناب زرین گل صاحب، سوال نمبر5۔

جناب زرین گل: ډیره شکریه، سپیکر صاحب۔ په دیکښې صرف زما دا دے، د فشریز د پاره دوئ پیسې دا انتظامی اخراجات چې دی، هغه ئے 24 لاکھ مختص کړې وے خو دا فشریز ډیپارټمنټ، زه ستاسو په Through دوئ ته دا خواست کوم چې مهربانی وکړئ فشریز د پاره ډیر سکوپ، دا (الف)،(ب)، سوال نمبر1 (الف)،(ب)، نو هغلته په تورغر کښې ډیر خوړونه دی او دریائے برندو باندې ډیر نایابه مهی دی، د هغه مهو د افزائش د پاره پکار ده چې دا فشریز ډیپارټمنټ هغلته لږ فش هیچری جوړه کړی، فشریز فارمونه جوړ کړی۔ بل جی د بونیر د طرف نه هغه ماربل فیکټرو نه کیمیکل راځی هغه برندو ته، هغه زمونږ اوبه ئے Polluted کړې نو مهربانی د وکړی زه منسټر صاحب ته خواست کوم چې هغه انډسټریز والو ته دغه ولیږی چې دا کیمیکل نه دغه کوی چې د مهو افزائش وشی۔

جناب سپیکر: جناب شہرام خان۔

وزیر زراعت و انفارمیشن ٹیکنالوجی: مهربانی جی۔ د زرین گل صاحب ډیر ښه Suggestions دی جی، یقیناً فشریز ډیپارټمنټ ته مونږ Concerned authorities ته به اوو ایو او انډسټریز ډیپارټمنټ ته به هم ان شاءالله مونږ ریکویسټ کوؤ، دوئ سره Already مونږ ډسکس کړل او د دوئ چې کوم Reservations دی، کوم دوئ Suggestions راکړل او هغلته مهی او دغه اقسام ئے یاد کړل چې یره بچ کول ډیر زیات ضروری دی او هغې نه Polluted اوبه راځی، یقیناً دوئ سره مونږ په دې خبره کښې اتفاق ساتو، ان شاءالله هغه به هم کوؤ، بل د دې نور چې کوم ډیټیلز پکار دی او دغه دی نو هغې کښې به ان شاءالله مونږ دوئ سره کښینو چې څه وی مونږ به ئے کوؤ انشاءالله جی او پوره چې څه د دوئ Requirements دی یا دغه دی، د هغې به مونږ Jointly کښینو، هغه به مونږ Sort out کړو ان شاءالله جی۔ زرین گل صاحب، تهینک یو۔

جناب سپیکر: یہ ایک منٹ میں وضاحت کر لوں۔ جناب زرین گل صاحب! آپ نے کوسچن نمبر 22 پڑھا ہے، آپ کو کوسچن نمبر 5 کیلئے کہا گیا تھا۔

جناب زرین گل: اس کے جواب سے میں مطمئن ہو گیا تو لہذا میں نے اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں کر لیں، بس چلو اس کو نمٹا لیتے ہیں نا، وہ ہو گیا ہے بالکل، تو زرین گل صاحب! اس کی وضاحت کریں۔ آپ نے کوسچن نمبر 5 کی جگہ کوسچن نمبر 22 پہ بات کی ہے ابھی، تو کوسچن نمبر 5 بھی آپ کا ہے، کوسچن نمبر 5 پہ زرین گل صاحب! اپنی بات ختم کریں۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یہ جو اس کا کوسچن آیا ہے، پھر اس کے بعد آپ۔

جناب شاہ حسین خان: په دیکښې زما ضمنی سوال دے۔

جناب سپیکر: اس کے بعد جو ختم ہو جائیں گے تو آپ کو موقع دیں گے، Concerned Minister پھر آپ کو مطمئن کر سکیں گے۔

جناب شاہ حسین خان: ضمنی سوال دے جی، دې باندې زه خبره کوم۔

جناب سپیکر: اچھا یہ ایک منٹ، وہ توDispose ofہو گیا ہے کوئسچن نمبر 1، اس پر بات ہو چکی ہے، ابھی آگے زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: دا جی سوال نمبر 1۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 5، کوئسچن نمبر 5۔

جناب زرین گل: دا سوال دے منسلکہ(ب)، دا امور حیوانات، دا جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 5، کوئسچن نمبر 5، سوشل ویلفیئر، سوشل ویلفیئر۔

(شور)

جناب زرین گل: کوئسچن نمبر، دا جی، دغه هلته ئے سوال نمبر 1 لیکلے دے۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، آپ۔

جناب زرین گل: دا کوئسچن نمبر 5 چې دے، هغه جدا دے جی۔

ایک رکن: جناب سپیکر! سوال نمبر 1، کوئسچن نمبر ایک طرح ہے، سارے کوئسچنز ایک ایک کے ہیں، نمبر نہیں لکھا گیا ہے بعض پر۔

جناب زرین گل: دا جی کوئسچن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: سر، دا اوس لائیو ستاک باندې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کوئسچن نمبر 5 الگ آپ نے بھیجا ہے۔

جناب زرین گل: نه جی، دا کوئسچن نمبر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے پاس یہاں پڑا ہے، یہ کوئسچن نمبر 5 ہے، یہ پڑھ لیں سوشل ویلفیئر کے ساتھ ہے۔

جناب زرین گل: هن نو په 5 باندې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔

جناب زرین گل: سر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ مطمئن ہیں توDrop کر لیتے ہیں اس کو۔

جناب زرین گل: نه نه، دې باندې خو زه خبرې کوم جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 05 _ جناب زرین گل: کیا وزیر سوشل ویلفیئر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ سوشل ویلفیئر ضلع تورغر کو مالی سال 12-2011 اور 13-2012 میں ترقیاتی اور انتظامی امور کیلئے فنڈ فراہم کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 12-2011 اور 13-2012 میں ترقیاتی اور انتظامی فنڈز کی علیحدہ علیحدہ تفصیل ایئر وائیز فراہم کی جائے، نیز دو سالوں میں ترقیاتی فنڈ کن کن مدوں میں خرچ کیا گیا، پراجیکٹ کے نام تخمینہ لاگت کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) دو سالوں میں محکمہ کیلئے منظور شدہ انتظامی فنڈ کن کن مدات میں خرچ کیا گیا، تفصیل فراہم کی جائے، نیز مالی سال 14-2013 کیلئے کیا ترجیحات ہیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؛

(iii) ضلع تورغر میں سال 12-2011 اور 13-2012 میں CCBs کو کن کن پراجیکٹس کیلئے فنڈز فراہم کئے گئے، CCBs کے پراجیکٹ کا نام اور فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ مہر تاج روغانی {معاون خصوصی (سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں، مالی سال 12-2011 اور 13-2012 کے دوران ضلع تورغر کو ترقیاتی اور غیر ترقیاتی (انتظامی) دونوں مدوں میں اکاؤنٹ 04 کے تحت فنڈ فراہم کیا گیا۔

(ب) ضلع تورغر کو مالی سال 12-2011 کے دوران 5 ملین روپے ترقیاتی فنڈز CCBs کے زمرے میں دیئے گئے ہیں جو 04 رجسٹرڈ CCBs (مقامی ترقیاتی کمیٹیوں) کے ذریعے ترقیاتی سکیموں پر خرچ کئے گئے ہیں، پراجیکٹ کے نام، تخمینہ لاگت کی تفصیل ضمیمہ (الف) پر لف ہے۔

اسی طرح مالی سال 13-2012 کے دوران 5 ملین روپے کا ترقیاتی فنڈ 06 رجسٹرڈ CCBs (مقامی ترقیاتی کمیٹیوں) کے ذریعے ترقیاتی سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے، پراجیکٹ کے نام، تخمینہ لاگت کی تفصیل ضمیمہ (الف) پر لف ہے۔

مالی سال 12-2011 میں ضلع تور غر کو انتظامی (غیر ترقیاتی) اخراجات کی مد میں 1.723 ملین روپے جاری کئے گئے، تاہم اس ضمن میں کوئی اخراجات نہیں کئے گئے۔ اسی طرح مالی سال 13-2012 کے دوران ضلع تور غر کو انتظامی (غیر ترقیاتی) اخراجات کی مد میں 1.991 ملین روپے جاری کئے گئے۔ مذکورہ مالی سال میں صرف 1.182 ملین روپے دفتری سامان و فرنیچر وغیرہ کی مد میں خرچ کئے گئے، مالی سال 14-2013 کیلئے محکمہ کی ترجیحات درج ذیل ہیں:

(i) تمام خالی آسامیوں کو مروجہ طریقہ کار کے تحت جلد از جلد پر کیا جائے گا۔

(ii) بزرگ شہریوں (60 سال یا اس سے زائد) کو فی کس 500 روپے ماہانہ کے حساب سے مالی امداد دی جائیگی۔ اس کے علاوہ معذور افراد کو مروجہ طریقہ کار کے مطابق ضروری امداد دی جائیگی۔

(iii) ضلع تور غر میں مالی سال 12-2011 اور 13-2012 کے CCBs پراجیکٹس کے نام اور فنڈز کی تفصیلات ضمیمہ (الف) پر لف ہیں۔

ضمیمہ (الف)

FINANCIAL YEAR 2011-12

| S.No. | Name of CCB | Allocation |
|---|---|---|
| 1 | Global CCB | Rs. 1.5 Million |
| 2 | Shaheen CCB | Rs. 0.5 Million |
| 3 | Khan Khel CCB | Rs. 1.5 Million |
| 4 | Roshan CCB | Rs. 1.5 Million |
| | Total: | 5.00 Million |

FINANCIAL YEAR 2012-13

| S.No. | Name of CCB | Allocation |
|---|---|---|
| 1 | Basi Khel CCB | Rs. 2.00 Million |
| 2 | Mehran CCB | Rs. 0.5 Million |
| 3 | Tor Ghar CCB | Rs. 1.0 Million |
| 4 | Zalmay CCB | Rs. 0.5 Million |
| 5 | Asharay CCB | Rs. 0.5 Million |
| 6 | Judbah CCB | Rs. 0.5 Million |
| | Total: | 5.00 Million |

جناب زرین گل: زما دیکښې ضمنی سوال دے۔ تاسو وګورئ دا سوال چې دے، د دې (ب) د ریم جز، دې د ریم جز کښې ما تپوس کړے دے چې ضلع تور غر میں سال

CCBs؟ CCBs کو کن کن پراجیکٹس کیلئے فنڈز فراہم کئے گئے ہیں؟ 2011-12 اور 2012-13 میں CCBs کے پراجیکٹ کا نام، فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے؟ دوئ د لته لیکلی دی: ضلع تورغر میں مالی سال 2011-12 اور 2012-13 کے سی سی بیز پراجیکٹ کے نام اور فنڈز کی تفصیلات ضمیمہ (الف) پرلف ہیں۔
اوس جی ما د دری خبرو تپوس کړے وو چې د CCBs نومونه، ایلوکیشنز هغه پراجیکټ ته شوی دی۔ د دوئ چې کومه دا ضمیمه ده، چې کومه لف شوې ده، په دیکښې ئے د CCBs نومونه ورکړی دی، ایلوکیشن ئے هم ورکړے دے لیکن پراجیکټس ئے نه دی ښودلی۔ زه دا دغه کوم جی، په دې باندې چې زما دا سوال بالکل نامکمل دے، زه د دې نه بالکل قطعاً مطمئن نه یم۔ دیکښې ما ته غټه ګھپله ښکاریږی، زه Fully convinced یم او Categorically په دې هاؤس کښې وایم، فلور آف دی هاؤس چې دیکښې Totally ګھپله شوې ده او زه هاؤس ته دا ریکویسټ کوم چې دا د سټینډنګ کمیټئ ته ریفر کړی چې هلته دا Thrash out شی او د دې Physical verification پکار دے جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ڈاکٹر مہرتاج روغانی، میڈم۔

محترمہ مہر تاج روغانی {معاون خصوصی (سماجی بہبود)}: Thank you very much, Mr. Speaker! او زرین ګل صاحب، زه ستاسو هم In a way, I appreciate your work because the Assembly has started now، تاسو خپلې علاقې له Really ډیر زیات And you studied it very well او هر دغه کښې تاسو ډیر تپوسونه کړی دی۔ As far as زما ډیپارټمنټ Hard work پرې وکړو او دا کار ئے راواستولو چې دا (الف) اینډ (ب) کښې This is CCB مونږ به ورته CBOs وئیل، زمونږ ټائم کښې Community Based Organization، اوس ورته CCB وائی، Any way they say one two three four هر یو کښې 1.5 0.5 and then 1.5 1.5. Total five million and then similarly 2012 and 13 again دا بازی خیل سی سی بی، مهران سی سی بی، تورغر سی سی بی، ځلمے سی سی بی، اشاړې سی سی بی اینډ جودبا سی سی بی، And this total again is five million نو دا Five million دی خو زه ځکه Appreciate کوم چې هارډ

ایریا خو تپول دی، Whether it is Shangla, whether it is other خو تورغر As the name suggests which is Ghar and it is Tor چې تور غر شی It means, it`s really very very hard area and certainly که تاسو نه یئ Satisfied نو بالکل By all means زما ډیپارټمنټ به Ready وی که تاسو میټنګ ورسره غواړئ او که، ما وئیل چې زه د رسره کښېنمه نو د غه کوؤ خو I appreciate your work and Insha Allah we will try to come up to your expectation.

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: نه یم جی۔

جناب سپیکر: آپ مطمئن ہیں منسٹر صاحب کی، آپ مطمئن ہیں کہ نہیں؟

جناب زرین گل: سر، دیکښې دا پراجیکټس چې دی کنه، د دې نشاندهی کول غواړم چې په موقع دا پراجیکټس شته که نشته؟ زما سوال ماته چې کوم دے، ماته د سوال جواب نامکمل راغلے دے نو دا به په څه طریقه، د دې انکوائری به څنګه کیږی؟

Special Assistant for Social Welfare: Zareen Gul! if you trust me and if you trust my department then okay we will, but if you don’t. کہ کوئی کمیٹی ہو تو We are ready for that as well۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Minister concerned is ready کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو کمیٹی میں بھیجتے ہیں یا مطمئن ہیں؟ وہ کہتی ہیں کہ جس طرح آپ مطمئن ہو سکتے ہیں، اس کے مطابق وہ انسٹرکشنز جاری کرنے کیلئے تیار ہیں۔

جناب زرین گل: یره جی کمیټی ته د لاړ شی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Okay، ٹھیک ہے جی۔

Special Assistant for Social Welfare: From my answer, as a Minister, if you are not satisfied with the department.

نو زه یم کنه، چې اوس ئے لیږئ نو زه څه وئیلې شم په دیکښې؟

(تالیاں)

جناب سپیکر: ټهیک شوه۔جی زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: یره جی، یره جی زه Withdraw شوم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب زرین گل صاحب، آپ کااگلا کوئسچن آرہاہے۔

جناب زرین گل: سر، یو ریکویسټ کوم چې دوئ به انکوائری چې کوم دے، ما به دغه کوی او د دې به انکوائری، Physical verification به د دې پراجیکټس کوی او که دغه شو، دا به حواله کوی۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ، جناب زرین گل صاحب۔

Special Assistant for Social Welfare: Excuse me, sorry, if you are asking for enquiry, that means commission, enquiry and commission is the same thing, any way, if you are not satisfied, okay, we will do enquiry. Thank you.

جناب سپیکر: جناب زرین گل صاحب، کوئسچن نمبر22۔

* 22 _ جناب زرین گل: کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع تورغر کے قیام کے بعد سالانہ بجٹ 12-2011اور 13-2012 میں محکمہ ماہی پروری میں مختلف گریڈ 1تا16 کی نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی تھی اوران منظور شدہ آسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیاگیاہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو 12-2011اور 13-2012 میں مذکورہ آسامیوں پر گریڈ 1تا 16 میں بھرتی کیلئے مشتہر کئے گئے اخبارات کے اشتہار کی فوٹوکاپیاں، تمام شریک امیدواروں کی لسٹ اور کامیاب امیدواروں کے مکمل تعلیمی کوائف پتہ، میرٹ لسٹ اور تقرر نامہ کی فوٹوکاپیاں فراہم کی جائیں، نیز بھرتی میں مروجہ پالیسی کو مدنظر رکھا گیاہے، وضاحت فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر زراعت و انفارمیشن ٹیکنالوجی): (الف) جی ہاں، ضلع تورغر کے قیام کے بعد سالانہ بجٹ 12-2011 اور 13-2012 میں محکمہ ماہی پروری میں مختلف گریڈ 1 تا 16 کی نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی ہے مگر الیکشن کمیشن آف پاکستان اور بعد میں سپریم کورٹ آف پاکستان کی طرف سے لگائی گئیں بھرتی پر پابندیوں کے نتیجے میں مذکورہ آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل مکمل نہیں کیا جاسکا، لہذا کسی امیدوار کو بھرتی نہیں کیا گیا۔

(ب) ایضاً۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! دې باندې زما خو ماهي پروري وه، ما خو هغه Suggestions منسټر صاحب ته ښودلې دي، دا Same د هغې سره وه نو زه Not pressed۔

Mr. Speaker: Next Question, Janab Zareen Gul Sahib, Q. No. 23.

* 23 _ جناب زرین گل: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 12-2011 اور 13-2012 کے دوران ضلع تورغر میں مختلف منصوبوں کیلئے فنڈز، رقوم جاری کی گئیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ عرصہ میں مختلف محکمہ جات کے منصوبوں کو کتنا فنڈ جاری کیا گیا، الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ عرصہ میں محکمہ نے ضلع تورغر کیلئے ترقیاتی اور انتظامی اخراجات کی مد میں کتنا فنڈ مختص کیا تھا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)} (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، فنڈز، رقوم جاری کی گئی ہیں۔

(ب) (i) مذکورہ فنڈز، رقوم حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ضلعوں کو ان کے حصہ (Share) کے مطابق ماہوار اور سہ ماہی اقساط کی بنیاد پر ضلعی اکاؤنٹ IV میں منتقل/جاری کی گئی ہیں جس کی مزید محکمہ جات اور سکیم وائز تقسیم ضلعی حکومت کے دائرہ اختیار میں آتی ہے۔

(ii) مذکورہ عرصہ میں ضلع تورغر کو جاری کی جانے والی رقم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | مالی سال | ترقیاتی رقم | انتظامی اخراجات | | کل رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | تنخواہ کی مد میں | غیر تنخواہ کی مد میں | |
| 1 | 2011-12 | 20.000 | 178.231 | 87.055 (ملین) | 285.286 |
| 2 | 2012-13 | 22.000 | 229.224 | 90.862 (ملین) | 342.086 |

(iii) مذکورہ عرصہ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام سے ضلع تورغر کو جاری کی جانے والی رقم کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | مالی سال | سکیم کا نام | ترقیاتی فنڈ |
|---|---|---|---|
| 1 | 2011-12 | (i) سپیشل ڈیویلپمنٹ پیکیج ضلع تورغر | 1000.00(ملین) |
| | | (ii) کالاڈھاکہ ایریاڈیویلپمنٹ پراجیکٹ | 1114.725 (NAS ASST) (ملین) |
| 2 | 2012-13 | (i) سپیشل ڈیویلپمنٹ پیکیج ضلع تورغر | 1000.000 (ملین) |
| | | (ii) کالاڈھاکہ ایریاڈیویلپمنٹ پراجیکٹ | 125.962 (NAS ASS) (ملین) |
| | | (iii) نیٹ ہائیڈل پرافٹ | 13.450 (ملین) |

اوپر دی گئی تفصیل کے مطابق ضلع تورغر کو مختلف ترقیاتی منصوبوں کیلئے 2011-12 میں جاری کئے جانے والے فنڈز 14000.011 ملین ہیں جبکہ 2012-13 میں یہ رقم 1481.498 ملین روپے بنتی ہے۔ اس کے علاوہ امبریلہ سکیموں میں ضلع تورغر کیلئے جاری کردہ رقم کی تفصیل محکمہ پی اینڈ ڈی یا متعلقہ محکمے فراہم کرسکتے ہیں۔

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! ستا سو پہ وساطت زہ د فنانس والو نہ تپوس کوم چې نور خو دغه کبنې وو خو دا Actual utilization ئے پکبنې نہ دے راوستے، مهربانی د وکړی Actual utilization د، چې ما د کوم سوالاتو تپوس کړے وو-----

جناب سپیکر: اسراراللہ گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): تھینک یو، سر۔ میرے خیال میں ایک گھنٹہ تو سوالات کیلئے ہے، آدھا گھنٹہ رکھیں زرین گل صاحب بنام حکومت خیبر پختونخوا (قہقہے اور تالیاں) اس میں یہ اپنے سوالات لائیں اور ماشاء اللہ، ہمارے سینیئر ہیں، کافی محنت کر کے آتے ہیں۔ یہ سر چونکہ سراج صاحب ہیں نہیں تو ان کے آفس سے جو مجھے مواد دیا گیا ہے، اس میں ان کی Utilization کے متعلق پوچھتے ہیں۔ اے ڈی پی کا یہ ہے سر، فنانس ڈیپارٹمنٹ کا جو کام ہے، وہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ریلیزز کرتا ہے اور اس کی Execution جو ہوتی ہے وہ پھر متعلقہ محکمہ کرتا ہے، Mostly ورکس اینڈ سروسز ہوتا ہے یا کوئی اور اگر Executing Agency ہو، تو وہ گرانٹ جو ہوتی ہے یا ڈیمانڈ، وہ اسکو ایلوکیشن کرتا ہے، فنانس آپ کو ایک 'فگر' دے دیتا ہے جو کہ آپ کا انہوں نے دیا ہے یہاں پہ، یہ ڈسٹرکٹ کی مد میں جو اے ڈی پی جاتی ہے، اس کا ریکارڈ فنانس کے پاس موجود ہوتا ہے لیکن اگر پورے خیبر پختونخوا میں 200 سکولز ہیں اور وزیر اعلیٰ صاحب نے ان کو دو سکول دیئے ہیں یا تین دیئے ہیں تو اس کی جو Execution کا سٹیج ہے سر، وہ ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کرتا ہے، فنانس جو ہوتا ہے وہ ڈیمانڈ کو Allocate کر دیتا ہے، اس کے بعد جو مسئلہ ہوتا ہے، وہ پھر دوسرے محکمے میں چلا جاتا ہے تو یہ ریکارڈ جو ہے وہ سر، اس کیلئے فریش کوسچن دوسرے محکمے کے Against لائیں سر۔

Mr. Speaker: Next Question No. 24, Janab Zareen Gul Sahib.

* 24 _ جناب زرین گل: کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 12-2011 اور 13-2012 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام، اے ڈی پی میں ضلع تورغر کیلئے آبپاشی کے منصوبوں کیلئے رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ منصوبوں کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور ان منصوبوں کیلئے کن کن علاقوں کی نشاندہی کی گئی تھی، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت کتنے ایریگیشن بیٹ اور ایریگیشن واٹر چینل کے منصوبے مکمل کئے گئے ہیں، تفصیل بتائی جائے؛

(iii) آیا محکمہ مذکورہ ضلع میں بمقام شال خوڑ اکازئی، پروندہ خوڑ مداخیل اور کالش خوڑ بسی خیل میں ایریگیشن واٹر چینل کے منصوبوں پر عمل درآمد کا ارادہ رکھتا ہے اور اگر جواب نفی میں ہو تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و توانائی)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) مذکورہ محکموں کیلئے جو رقم مختص کی گئی ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

2011-12

| | نام منصوبہ | لاگت (ملین روپے) | خرچہ ملین روپے |
|---|---|---|---|
| Ii | کنسٹرکشن آف FPW تورغر Package-1 | 0.99 (M) | 0.99(M) |
| Iii | کنسٹرکشن آف FPW تورغر Package 2 | 1.40 (M) | 1.38275 (M) |

2012-13

| | نام منصوبہ | لاگت (ملین روپے) | خرچہ ملین روپے |
|---|---|---|---|
| ii | کنسٹرکشن آف FPW تورغر Package-3 | 1.61 (M) | 1.596831 (M) |
| Iii | کنسٹرکشن اینڈ ایمپرومنٹ آف سول چینل تورغر (کنڈ بالا، کنڈ پائیں، کنڑے، شالون چینل) | 4.00 (M) | 1.44019 |

یہ قومی، سول چینلز ہیں جن کی مرمت و دیکھ بھال زمیندار خود کرتے ہیں۔ تاہم حکومت کبھی کبھار اس کی تعمیر، بحالی اور بہتری کرتی ہے۔ حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 2013-14 میں سول چینلز اور سمال فلو ایریگیشن منصوبوں کیلئے 20.00 ملین روپے کی رقم مختص کی ہے جس کی نشاندہی اور اس کا انتخاب برائے تعمیر ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے گا۔

جناب زرین گل: سوال نمبر 24، جناب سپیکر صاحب، Not pressed۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: کچھ معزز اراکین کی چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں جن میں: جناب محمود خان، وزیر کھیل و ثقافت، جناب ارباب جہانداد صاحب، جناب میاں ضیاء الرحمان صاحب، جناب محمود صاحب، جناب ارباب جانداد صاحب اور جناب میاں ضیاء الرحمان صاحب 02-07-2013 کیلئے۔ میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں منظوری کیلئے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: مہربانی، مہربانی۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: کچھ، جناب جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ زه ستاسو په توسط باندې د هاؤس او خاصکر د حکومت توجه نن یو ډیر اهم مسئلې طرف ته راګرځوم۔ ملاکنډ ډویژن کښې غیر اعلانیه او غیر قانونی طور Taxation شروع دے او خلقو نه ټیکسونه اخلی، د رکشې نه هم ټیکس اخلی، د پیدل خلقو نه هم اخلی، د هتهٔ ریړی چې کوم ګاډی دی، د هغوی نه هم اخلی۔ دا یو هفته وشوه چې مته، کبل تحصیل زما ورونړه دلته ناست دی، هلته پهیه جام هړتال دے، سټرائیکونه شروع دی، د لاء اینډ آرډر ډیره غټه مسئله جوړیږی، یو چې حکومت په هغې باندې خپل Response نن مونږ ته راکړی۔ دویمه خبره جی زه دا کوم Environmental Protection Agency، هغې کښې بلا په سوؤنو سټاف۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب جعفر شاہ! میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں، آپ کو موقع دیتے ہیں جو دو کال اٹینشن نوٹسز ہمیں ملے ہیں، تھوڑا اسکو پہلے وہ کرتے ہیں، اس کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: یہ بہت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاکہ۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: یہ بہت اہم مسئلہ ہے سر، کیونکہ وہ سوات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ آپ کو موقع دیتے ہیں، آپ کو موقع دیتے ہیں اس کے بعد، تاکہ یہ ختم کرلیں، اس کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: سر، دا ډیره ضروری خبره ده او۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل، آپ کو موقع دیتے ہیں جی۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Janab Mr. Arshad Khan Umarzai, to please move his call attention notice No. 4, in the House.

جناب ارشد علی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ محکمہ زکواۃ و عشر کی وساطت سے بہت سے نادار اور مفلس لوگ مستفید ہو رہے ہیں، پچھلی حکومت کے دوران کئی غیر مستحق افراد مستحقین کی لسٹ میں شامل کئے گئے ہیں جو کہ مستحقین زکواۃ کی حق تلفی ہے۔ محکمہ زکواۃ نئے سرے سے ہر یونین کونسل میں سروے کر کے مستحقین کی لسٹ میں مستحقین افراد کو شامل کرے تاکہ شفاف اندراج سے مستحقین کی مالی مدد ممکن ہو جائے۔

جناب سپیکر: جناب حبیب الرحمن صاحب۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ و عشر): شکریہ جناب سپیکر۔ میں اپنے بھائی ارشد عمر زئی کا انتہائی مشکور ہوں کہ اس نے ایک اہم مسئلے کی طرف ہماری توجہ مبذول کرائی ہے۔ چونکہ عشر اور زکواۃ ایک دینی فریضہ ہے اور دینی جذبے کی وجہ سے، اگر ہم اپنے ساتھ دینی جذبہ رکھتے ہیں اور جتنی بھی کمیٹیوں کی بناوٹ ہے، خواہ وہ لوکل کمیٹیاں ہوں، خواہ وہ پراونشل زکواۃ کمیٹیاں ہوں، خواہ وہ ڈسٹرکٹ زکواۃ کمیٹیاں ہوں، اگر ہم اسمیں ایمانداری سے کام لیں اور ایک دینی جذبے کی وجہ سے اپنے سارے بھائیوں سے اپیل ہے کہ یہ سارے ایوان کے معزز اراکین اس کام میں میری مدد فرمائیں تو یہ (تالیاں) مسئلہ بہت آسان ہے لیکن میں اپنے بھائیوں کو ضرور اس مسئلہ سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ اٹھارہویں ترمیم سے پہلے۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

وزیر زکواۃ و عشر: جناب سپیکر! میں عرض کر رہا تھا کہ چونکہ یہ عشر اور زکواۃ ایک دینی فریضہ ہے اور اس دینی فریضے کو ادا کرنے کیلئے میں سارے معزز ایوان کے ممبران سے اپیل کروں گا کہ یہ چونکہ ساری کمیٹیاں سارے ضلعوں پر محیط ہیں تو سارے بھائیوں سے اپیل ہے کہ وہ میری مدد فرمائیں، کمیٹیوں کی Constitution میں، ان کے بنانے میں، بناوٹ میں، ایک بات میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد ابھی اس سال ہمارے پاس زکواۃ کے کافی فنڈز ہیں، 60، 70 کروڑ روپے ہیں لیکن یہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ کم ہوتے جا رہے ہیں کیونکہ اب اٹھارہویں ترمیم کے بعد یہ صرف صوبائی معاملہ ہے اور ہمارا صوبہ بہت غریب اور پسماندہ ہے، اس لئے زکواۃ فنڈ یہاں اکٹھا ہونا مشکل ہے تو اس بارے میں

میرا یہ Vision ہے کہ میں عشر کا نظام ان شاءاللہ تعالیٰ نافذ کرونگا کیونکہ عشر جنس زکواۃ ہے، میں نے وزیر قانون صاحب سے بھی درخواست کی، یہاں بھی درخواست کرتا ہوں کہ اس کیلئے قانون سازی کی ضرورت ہوگی، اگر ہم نے یہ عشر کا نظام نافذ کیا تو اربوں نہیں، کھربوں روپے ان شاءاللہ صوبہ سرحد میں جمع ہونگے کیونکہ ہمارے کلچر کے مطابق چونکہ صوبہ سرحد کے اکثر لوگ دین اسلام کے فدائی ہیں اور وہ عشر اچھے طریقے سے اکٹھا کر لیں گے۔ میں اس لئے کہتا ہوں کہ ابھی تو اس سال زکواۃ میں کافی پیسے ہیں لیکن آئندہ کیلئے ایک ایسا موقع آئیگا، دوسال کے بعد کہ جو لوگ زکواۃ فنڈ سے تنخواہیں لے رہے ہیں، ہمارے پاس تنخواہوں کیلئے پیسے نہیں ہونگے تو اس لئے یہ ناگزیر ہے کہ ہم عشر کا نظام نافذ کر لیں گے اور لوکل کمیٹیوں میں کہ اگر ہمارا بھائی یہ توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 5 اس کے ساتھ اکھٹا کرے جو ایک جیسا ہے تو پھر ان شاءاللہ اس کے جواب میں کچھ معروضات پیش کرونگا۔

جناب ارشد علی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ہاں جی، ارشد صاحب۔

جناب ارشد علی: جناب سپیکر صاحب! لکه جی ډیر وخت مخکښې مونږ به لیدل، کور په کور به دوه سوه، درې سوه روپئ کور تقسیمېدې او ډیر وخت وشو د هغې نه پس مونږ دا دغه نه دے لیدلے، چونکه زمونږ صوبه زیات تر چې ده، د غریبو خلقو ده، چې ډیر غریب خلق دی پکښې، مونږ وایو چې دا زکواة چې دے چې دا مستحقینو ته اورسی چې کوم مستحق خلق دی، په ایمانداری دغه باندی د کمیټئ جوړې کړې شی او د هغې په ذریعه باندې دا پیسې مستحقینو ته اورسی، دغه زمونږه دغه دے سپیکر صاحب۔ تهینک یو۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے وضاحت کر دی ہے اور یقین دہانی بھی کروائی ہے، امید ہے اچھا ہوگا۔

Mr. Muzaffar Said, MPA, to please move his call attention notice No. 9, in the House. Mr. Muzaffar Said, please.

جناب مظفر سید: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ میرے حلقے نیابت PK-94 میں سڑکوں کی حالت ناگفتہ بہہ ہے۔ خصوصاً چکدرہ ٹو تیمر گرہ روڈ کی حالت بہت خراب ہے، مین سڑک ہونے کی وجہ سے روڈ پر ٹریفک بہت زیادہ ہے

جس کی وجہ سے ہر وقت ٹریفک جام رہتی ہے، مسافروں اور مقامی لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ ایک انتہائی توجہ طلب مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر صاحب، روډ جوړيږی او پيسې ورکړې کيږی، کوالټی دومره کمزورې ده چې مياشت پس هغه روډ په نظر باندی نه راځی، د ټهيکيدار نه تپوس نشته، محکمه بالکل خاموش ناسته ده۔ زه غواړم چې د دې حل راوځی او په دې باندی د توجه هم ورکړې شی او د دغه ځائے چې نور خراب روډونه دی نو هغه د، Minister Concerned د د هغې د پاره دغه هم وکړی، Feasibility د راوغواړی او دا کوم روډ چې اوس جوړيږی نو دا يواځې د تيمر ګرې روډ نه، بلکه دا دير بالا، چترال، باجوړ او ډير اهم شاهراه دے، د دې وجې نه د هغې حالت ډير زيات خراب دے۔ دا يواځې د PK-94 نه، بلکه دا د ټول ملاکنډ ډويژن روډ دے، ډير اهم دے، تواس لئے میں منسٹر صاحب سے آپ کی وساطت سے خصوصی درخواست کرتا ہوں کہ اس میں ذرا سختی سے بھی کام لیں اور محکمے کو ہدایت بھی کریں اور اس کی انکوائری کریں کہ یہ کروڑوں روپے سالانہ ایم اینڈ آر اور وغیرہ وغیرہ چیزوں میں وہ لگتے ہیں لیکن اس کا کوئی Output نہیں ہے اور دوسرے دن، تیسرے دن وہ خراب رہتی ہے۔ اس لئے آپ کے توسط سے میں ایک بار پھر ریکویسٹ کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب یوسف ایوب صاحب۔

<u>جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات):</u> شکریہ، سپیکر صاحب۔ مظفر سید صاحب نے جو بات کی ہے جی، میں اس چیز کو مانتا ہوں کہ واقعی روڈز کی حالت کافی خستہ ہے اور نہ صرف ان کے حلقے میں بلکہ ہم سب کے حلقوں میں، جتنے Repair کے فنڈز کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے، بدقسمتی سے اس طرح کے فنڈز Available نہیں ہوتے البتہ ان کے حلقے میں، PK-94 میں ایک Repair and rehabilitation کی دو کلومیٹر کی سکیم اے ڈی پی پروگرام میں بھی چل رہی ہے اور تقریباً دو کروڑ روپے کی رقم Distt: Maintenance and Repairs Funds میں بھی موجود ہے۔ کوالٹی آف روڈز کی یہ بات کرتے ہیں، میں مشورہ دونگا کہ جن روڈز کی آپ بات کر رہے ہیں، جدھر Repair ہوئی ہے یا جدھر Rehabilitation ہو رہی ہے اے ڈی پی کے تحت، ہمارے اپنے سی اینڈ ڈبلیو کے سینیئر انجینئرز ہیں،

چیف انجینئر ہو یا سپرنٹنڈنٹ انجینئر ہو، اس کو ہم ہدایت کریں گے کہ آپ کے ساتھ اس موقع پر جائیں اور جدھر آپ سمجھتے ہیں کہ درست کام نہیں ہو رہا، آپ اس کی نشاندہی کریں، وہ جو ایکسیئن ہے، اس کی ذمہ داری ہو گی کہ اس کو Rectify کرے اور اگر آپ Satisfied نہ ہوئے تو آپ ہمیں بتائیں، ہم ان کے خلاف کچھ نہ کچھ کارروائی کریں گے اور اسی کیلئے ہم ادھر بیٹھے ہوئے ہیں۔ چکدرہ تیمر گرہ روڈ جو ہے، بدقسمتی سے وہ صوبے کا روڈ نہیں ہے، وہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا ہے، آپ کا یہ Concern سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو ضرور پہنچایا جائیگا۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: ابھی نماز کیلئے وقفہ کرتے ہیں، نماز اور چائے کیلئے آدھا گھنٹہ کیلئے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

## قراردادیں

جناب سپیکر: زرین گل صاحب راغلے دے؟

Mr. Zareen Gul, MPA, to please move his resolution No. 4, in the House.

جناب زرین گل: محترم سپیکر صاحب! ڈیرہ شکریہ۔ قرارداد نمبر 4: چونکہ تورغر کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کے حصول اور عوام کیلئے ضلع تورغر میں نیشنل بینک آف پاکستان کی کوئی برانچ نہ ہونے کی وجہ سے انتہائی مشکلات کا سامنا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ضلعی ہیڈکوارٹر جدبا، تحصیل ہیڈکوارٹر کنڈر حسن زئی اور میرہ مداخیل میں نیشنل بینک آف پاکستان کی برانچوں کا قیام عمل لایا جائے۔

جناب سپیکر: گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): بالکل جی، ہم سپورٹ کرتے ہیں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. (Applause) Madam Uzma Khan, MPA, to please move her resolution No. 13, in the House.

محترمہ عظمیٰ خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ پاکستان جو کہ اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ہے، آئین پاکستان میں ہے کہ حکومت ایسے اقدامات کرے کہ جس سے اسلامی معاشرہ پروان چڑھے، میڈیا معاشرے میں کسی بھی رجحان کو پروان چڑھانے میں سب سے اہم کردار ادا کرتا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ٹی وی چینلز پر دکھائے جانے والے غیر اخلاقی پروگراموں پر پابندی لگائی جائے اور ایسے پروگرام نشر نہ کئے جائیں جو ہمارے معاشرے، تہذیب و ثقافت اور روایات کے منافی ہوں۔

جناب سپیکر، میں تھوڑی ڈیٹیل دینا چاہونگی۔ میں نے قرارداد کے الفاظ بڑے مہذب رکھے ہیں، میں اس میں کچھ Add نہیں کرنا چاہتی تھی اور نہ یہ کسی سے ڈھکی چھپی بات ہے، ٹی وی آپ دیکھیں، کسی کے ساتھ بیٹھ کر دیکھنے کے قابل نہیں رہا، اس کے اشتہارات دیکھ لیں، ڈرامے دیکھ لیں، کچھ بھی دیکھ لیں تو جناب سپیکر، کسی طرح سے بھی نہیں لگتا کہ یہ پاکستان کی ٹی وی چینلز ہیں۔

جناب سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! بالکل میں عظمیٰ خان صاحبہ کی یہ جو قرارداد ہے، اس کو اس مد میں سپورٹ بالکل کرونگی کہ یہاں پر جو غیر ملکی چینلز ہیں، جیسا کہ ایک اردو چینل ہے، اب ہمیں پتہ نہیں کہ اردو چینل کس کا ہے لیکن وہاں پر یلغار ہوئی ہے تمام غیر ملکی ڈراموں کی جو کہ ہمیں سستی رقم پر مل جاتے ہیں جس سے ہم اپنا ریونیو ان سے لے بھی نہیں سکتے کیونکہ یہ سارا ان کو ہی جاتا ہے، منافع جو ہے، لیکن یہاں پر جب غیر ملکی ڈرامے آتے ہیں تو اس سے ہمارے اپنے لوگ جو ہیں، ہمارے اپنے لوگ یہاں جو اس فن سے وابستہ ہیں سر، تو وہ بے روزگار ہوتے چلے جارہے ہیں۔ تو جناب سپیکر صاحب! اس مد میں بالکل ان کو سپورٹ کرونگی کہ غیر ملکی ڈراموں کی جو یلغار ہے ہمارے ٹی وی پر، اس سے ایک ثقافت ہمارے ذہنوں پر آچکی ہے تو اس کو روکنے کیلئے مرکزی گورنمنٹ ضروری اقدامات کرے۔

جناب سپیکر: جناب اسرار گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر،اس قرارداد کا جو متن ہے، بالکل اس سے تو ہم اتفاق کرتے ہیں لیکن یہ Explain کرنا چاہونگا کہ مرکزی حکومت میرے خیال میں پی ٹی وی کی، جو اس کا طریقہ کار ہے، وہاں پر اس کی Controlling authority ہے، باقی جو پرائیویٹ چینلز ہیں، لیکن قرارداد کی حد تک ہم Agree کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: میڈم۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں ووٹ کیلئے، میں چاہونگی کہ سپورٹ کرے گورنمنٹ، تو پاس کرانا بہتر ہوگا کیونکہ تمام پرائیویٹ چینلز بھی گورنمنٹ آف پاکستان کے Under ہی ہوتی ہیں، وہ رجسٹرڈ ہوتی ہیں، ان کے ساتھ PEMRA کے اندر وہ جواب دہ ہوتی ہیں گورنمنٹ کو تو اگر ہم پاس کرائیں تو ایک اچھا Effect آئیگا جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

ایک منٹ، میں اس کو تھوڑا موقع دوں تو مہربانی ہوگی، یہ ختم کرتے ہیں۔ بس ایک قرارداد اور باقی ہے، اس کے بعد ہمارے پاس ایجنڈا ہے، بات کر سکتے ہو۔ قیموس خان صاحب۔

جناب قیموس خان: جی یو ورکوتے شان قرارداد دے، کہ تاسو د هغې متن ته وګورئ ډیر دغه دے-----

جناب سپیکر: اچھا میں۔

جناب قیموس خان: تاسو Rule suspend کړئ-----

جناب سپیکر: اس وقت میرے پاس جو ہے، میں اس کو لاتا ہوں، اس کے بعد ہمارے پاس ٹائم ہے، آپ کو موقع دیں گے ان شاءاللہ۔

جناب قیموس خان: نه جی، د دې قراردادونو سره به یو ځائے دغه شی جی۔

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دونگا۔

Mr. Siraj ul Haq, honourable Senior Minister for Finance, Sardar Mehtab Ahmad Khan, Leader of the Opposition, Maulana Lutf ur Rehman, MPA, Mr. Reshad Khan, MPA, Mr. Ghulam Muhammad, MPA, Mr. Sardar Husain Babak, MPA, Mr. Muhammad Ali Shah Bacha, MPA and Mr. Saleem Khan, MPA, to please move their joint resolution No. 43, in the House, one by one.

وزیر قانون: سر،اس میں گزارش یہ ہے کہ یہ کل غالباًوہ ڈرون حملوں کے متعلق قرارداد ہے۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب تو نہیں ہیں، غلام محمد صاحب۔

جناب غلام محمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد۔

جناب غلام محمد: جناب سپیکر! تھینک یو ویری مچ۔ چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا ایک اہم منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے ایک گیٹ وے کی حثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے صرف ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4 ارب روپے کر دیئے جائیں تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمدورفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔

جناب سپیکر! چونکہ یہ منصوبہ 2007 میں اس پر کام کا آغاز کیا گیا تھا، 2009 تک اس پر کام چلتا رہا، 2009 میں پھر اس کا 'ڈیزائن' Change کیا گیا ہے، اس پر تقریباً 6ارب روپے ابھی تک خرچ ہو چکے ہیں۔ جناب سپیکر، ابھی جو اس کا 'ڈیزائن' Change کیا گیا تو PC-1 تیار ہوا ہے، اس پہ تقریباً 18 ارب روپے لاگت آئے گی۔ جناب سپیکر، اگر اسی طرح ایک ایک ارب روپے سال میں اس پہ لگا کے اس سکیم کو آگے بڑھایا جاتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ سکیم ناکام ہو جائے گی کیونکہ پھر اس کی مد میں، کئی ایک فارن کمپنی اس کو بنا رہی ہیں، پھر وہ کورٹ میں جائیں گی اور Litigation ہو جائے گی اس کے اوپر، تو میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم اگر سالانہ 4ارب روپے اس کیلئے فنڈ بڑھایا جائے تو یہ سکیم دو ڈھائی سالوں کے اندر Complete ہو سکے گی۔ جناب سپیکر، یہ میری قرارداد ہے اور اس کو میں اسمبلی میں پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب، ان کیلئے عنایت اللہ صاحب پیش کریں گے۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4ارب روپے کر دیا جائے تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمدورفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔ اس پہ ویسے گفتگو کی اجازت آپ اب دیں گے یا بعد میں دیں گے یا ضرورت نہیں ہے؟

جناب سپیکر: میرا خیال ہے بس یہی کافی ہے، جوائنٹ ریزولیوشن ہے، یہ کافی ہے۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: ٹائم مختصر ہے۔ جناب سردار مہتاب احمد خان، رشاد خان اس کی جگہ بات کر رہے ہیں۔

جناب محمد رشاد خان: چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4ارب روپے کر دیا جائے تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمدورفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔

جناب سپیکر: مولانا لطف الرحمن صاحب، پلیز۔

مولانا لطف الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی

سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4 ارب روپے کر دیا جائے تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمد و رفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔

جناب سپیکر: مسٹر سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر۔ چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4 ارب روپے کر دیا جائے تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمد و رفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: مسٹر محمد علی شاہ باچا چونکہ نہیں ہیں تو میں نگہت اورکزئی سے کہتا ہوں کہ وہ اس کی جگہ پیش کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: چونکہ لواری ٹنل پراجیکٹ اس صوبے کا منصوبہ ہے اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، اس سال PSDP میں اس منصوبے کیلئے ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں جو کہ مذکورہ پراجیکٹ میں کام کو جاری رکھنے کیلئے ناکافی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ لواری ٹنل پراجیکٹ کیلئے مختص شدہ ایک ارب روپے کو بڑھا کر 4 ارب روپے کر دیا جائے تاکہ یہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے اور چترال کے عوام کی آمد و رفت کا مسئلہ حل ہو سکے۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: مسٹر سلیم خان۔ آگے جی، ابھی میں وزیر قانون صاحب، بلکہ آپ سے۔

وزیر قانون: سپورٹ کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: ہں جی؟

وزیر قانون: سپورٹ کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: سپورٹ کرتے ہیں۔ The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed?

Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Janab Israr Ullah Khan Gandapur.

وزیر قانون: تھینک یو سر۔ کل یہاں پہ ایک قرارداد آرہی تھی، سپیکر صاحب کواختیارات دینے کامعاملہ تھا تاکہ جو سٹینڈنگ کمیٹیز ہیں اور ابھی یہ سوالات آ رہے ہیں تو وہ محکموں کو بھیجے جا سکیں تو اس کی Constitution کرنی ہے، ان کو بنانا ہے۔ اس سلسلے میں سر روایات جو رہی ہیں، وہ یہ ہیں کہ سپیکر صاحب ہمیشہ یہ اختیار Judiciously استعمال کرتے ہیں اور آج بھی جو آپ نے اپوزیشن کے ممبران کے ساتھ میٹنگ کی تو اس میں انہوں نے آپ کو یہ اختیار دیا ہے اور اس امید کے ساتھ کہ ان کی جتنی بھی متناسب نمائندگی بنتی ہے، چیئرمینی کے حوالے سے کمیٹیوں میں، ممبران کے حوالے سے، وہ ان شاء اللہ آپ Ensure کریں گے As a custodian of the House، تو سر! یہ میں قرارداد On behalf of the House present کرتاہوں:

Sir, I beg to move that this Assembly empowers the Speaker, to constitute the Standing Committees, without holding election and also empowers to appoint Chairmen for the Standing Committees, under rule 193.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Minister, may be passed? Those who are in favor of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously. Janab Sardar Hussain.

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، شکریہ۔ سپیکر صاحب! زہ ستاسو او د هاؤس توجه دې خبرې ته راړول غواړم چې زمونږ د 1973ء په آئین کښې د 18th Amendment، د اتلسم ترمیم نه پس نورلسم ترمیم او شلم ترمیم په تیر حکومت کښې معرض وجود کښې راغلے دے او په اتلسم ترمیم کښې ډیر کلیئر کټ لیکلی دی چې د صوبائی اسمبلئ د Total strength د 11 percent په بنیاد باندې به کیبنټ جوړیږی او بیا په 18th Amendment کښې وزیر اعلیٰ صاحب ته یا چیف ایګزیکټیو صاحب ته دا اختیار هم حاصل دے چې هغه به پینځه

ایډوائزر اخلی، Not more than five advisors، سپیکر صاحب! دلته زمونږ په صوبه کښې که مونږ وګورو نو هغه پینځه مشیران هم واخستلی شو، بیا اسسټنټس هم واخستلی شو او بیا مونږ اورو چې دا پینځه پارلیمانی سیکرټریان چې دی، هغه به هم اخستې شی۔ مونږ خو یو طرف ته دا خبره اورو چې نوے حکومت زمونږ په صوبه کښې راغلے دے، د هغوی دا خواهش هم دے، د هغوی دا کوشش هم دے، ځنګه چې مونږ اورو د هغوی نه او هغوی وائی چې مونږ به د ډیر کفایت شعاری نه کار اخلو چې اخراجات کوؤ، بیا مونږ په دې خبره نه پوهیږو چې یو کلیئر کټ آئین دلته موجود دے او زه خو دا ګڼم چې دا ماورائے آئین چې دا کوم اقدامات روان دی نو مونږ به غواړو دا چې مونږ ته لاء منسټر صاحب دا خبره هم وکړی چې هغه 18th Amendment کښې د پینځه مشیرانو اجازت دے او 11 percent کیبنټ به وی، The total strength of the House، اوس هغه معاونین یا هغه پارلیمانی سیکرټریان چې دا هم مونږ ته اووائی چې دا د آئین د کوم شق د لاندې دی؟ او دویمه دا چې حکومت دا خواهش هم لری، حکومت دا کوشش هم کوی چې مونږ به اخراجات کموؤ ځکه چې دا ډیره غریبه صوبه ده او دا صوبه د ډیرو لویو مسائلو سره هم مخ ده نو مونږ دا په دې خبرو نه پوهیږو چې د هغوی اخراجات چې دی هغه به ځنګه کمیږی؟ نو که لاء منسټر صاحب مونږ ته د دې خبرو وضاحت وکړی نو ډیره زیاته مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: جناب اسراراللہ گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر! محترم سردار حسین بابک صاحب نے جو بات کی ہے، اس کا ایک Background ہے، جب اٹھارہویں ترمیم پہ کام ہو رہا تھا تو اس وقت پاکستان تحریک انصاف اسمبلیوں میں نہیں تھی اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت Devolution کے تحت یہ جو مذکورہ شق کا ذکر ہو رہا ہے، اس کا جتنا بھی نقصان پہنچا ہے وہ اس صوبے کو پہنچا ہے۔ اس کا جواب ذرا لمبا ہے لیکن چونکہ ہاؤس میں یہ بات ہوئی ہے، اس میں انہوں نے آپ کو دو فارمولے دیئے تھے کہ Either 11 percent or not more than 15، تو اگر ہم 11 percent پہ بھی جائیں تو جو ہماری Strength ہے، اس کے مطابق تقریباً ہمیں 14 کیبنٹ ممبر جو تھے، اس سے زیادہ نہیں بڑھا سکتے تھے اور اگر ہم دوسرے Scenario میں جاتے تو وہ بھی 15،

مطلب ہے صرف ایک کا اضافہ تھا، جس Option پہ ہم جاتے۔ بلوچستان سر، ہم سے چھوٹا صوبہ ہے، وہ اگر 11 percent پہ جائے تو انکی تقریباً کوئی سات کے قریب کیبنٹ بنتی ہے لیکن اگر وہ 15 پہ جائے تو ان کی کیبنٹ کا جو سائز ہے، وہ ڈبل ہو جاتا ہے۔ پنجاب ہو گیا اور مرکزی حکومت، وہ اگر 11 percent کے فارمولے پہ جائیں تو ان کے پاس تو Option موجود ہے، چونکہ ان کی اسمبلیز کی Strength زیادہ ہے تو اس حوالے سے وہ 11 percent پہ جاتے ہیں اور اس حوالے سے وہ پھر اپنے لئے زیادہ Space پیدا کرتے ہیں، اس طریقے سے یہی حال سندھ کا بھی ہے۔ ہمارا تو سر گلہ ہی یہ ہے کہ اس وقت جو Devolution کے حوالے سے کمیٹی بیٹھی تھی، اس کو یہ سوچنا چاہیئے تھا اور اس وقت جو لوگ نمائندگی کر رہے تھے، اپنے آپ کو وہ اس حد تک پابند کر گئے تھے کہ اس شق کی رو سے انہوں نے اپنے آپ کو زیادہ Effect کرایا اور جہاں تک اس کے Constitutional یا Legal ہونے کا تعلق ہے تو جیسا کہ بابک صاحب نے کہا ہے کہ ہم 15 کیبنٹ اور اس کے علاوہ جو ایڈوائزر ہیں پانچ، یہ 20 ہو گئے سر، سپیشل اسسٹنٹ جو ہے، وہ Under the Act ہے، وہ آپ کے Constitution کے نیچے نہیں ہے اور Under the Act آپ پارلیمانی سیکرٹری کو بھی رکھ سکتے ہیں اور یہ ایک طریقہ کار ہوتا ہے گورنمنٹ چلانے کا۔ جہاں تک اخراجات کی بات ہے تو وہ اگر یہ کسی وقت آئیں تو ہم ان کے ساتھ ایڈمنسٹریشن والوں کو بٹھا کے شیئر کر سکتے ہیں کہ یہ جو Actual cost آتی ہے ایک منسٹر کو Maintain کرنے کیلئے، وہ کتنی ہے؟ اور جلد ہی وہ فگرز ہم لائیں گے کیونکہ بجٹ میں ایسے ہیڈز Reflect ہوتے ہیں کہ آپ کا جو Supporting staff ہوتا ہے، آپ کا ڈرائیور ہو گیا، آپ کے P.S ہو گئے، ان کے جو Traveling اور Daily Allowances ہوتے ہیں، وہ بھی آپ کے بجٹ میں Reflect ہوتے ہیں اور بابک صاحب خود منسٹر رہے ہیں اور یقیناً وہ یہ جانتے ہونگے۔ تو میری گزارش ہے کہ ہمارا گلہ تو گزشتہ ان ممبران سے ہے جو کہ Devolution Committee میں بیٹھے تھے کہ انہوں نے ہمارے ہاتھ باندھ دیئے تھے اور اس وجہ سے چونکہ محکمے 30 سے اوپر ہیں تو یا تو ہمارے پاس Option یہ ہوتا کہ دو دو، تین تین محکمے ایک ایک منسٹر کو دیتے اور پھر اگر اس کے بعد کام کی Disposal پہ فرق آتا تو وہ یقیناً پھر ممبران صاحبان یہ گلہ کرتے کہ ہم وزراء کے دفتر میں جاتے ہیں اور وہ Available نہیں ہوتے تو ہر گورنمنٹ چلانے کیلئے یہ چیف منسٹر

صاحب کے پاس اپنی Discretion ہے اور سپیشل اسسٹنٹ کے حوالے سے انہوں نے اپنی وہ Discretion استعمال کرتے ہوئے Under the Act یہ اپنا اختیار استعمال کیا ہے۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، مونږ په دې پوهېږو۔

Mr. Speaker: The Sitting is adjourned till 4.00 p.m. of tomorrow afternoon.

---

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 3 جولائی 2013ء بعداز دوپہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)